1989ء سے مسلسل اشاعت
12 تا 18 مئی 2023 | شمارہ نمبر 20 | جلد نمبر 35

ہفت روزہ
# پیپر بزنس کراچی
بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 100/-

**FAIR TRADE (Pvt) Limted**
A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board
Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bulleh Shah ( Packages ) | Bleached Board |
| Crown ( Fazal Paper ) | Art Card |
| Chenab ( A.K Ind. ) | |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™
ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK
ART PAPER NEVIA
NINGBO FOLD Little Star Bleach Board
pindo deli paper products
Indah Kiat Pulp and Paper Products
SINAR
VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010
Brands of the year Award 2010
Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp
بزنس مین پینل




کراچی و لاہور میں خدمت کے 13 سال

BMG
بزنس مین گروپ

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر

pindo deli
paper products

IBM
ISO 9001:2015 CERTIFIED

# WE HAVE WIDE RANGE OF
# Quality Paper Products

## COATED PRODUCT

GOLDEN COIN

GOLDEN COIN
2/S Coated
Art Card

## COMPUTER FORM

Golden Form

## PHOTOCOPIER PAPER

Galaxy Brite
Rocco Premium
Office Print
E-Paper
Lucky Boss
IK Yellow
Golden Plus
Instant Preprint

## CARBONLES PAPER

Impressions PINDO 2000

Impression 2000 Brand
Quality Instant Brand
Available in 48gsm

## COLOR BREIF CARD

Jangkar Brand
ANCHOR BRAND

## CASTCOATED BOARD

Arcadia 2000 (Plastic Card)
ARCADIA 2000

## OTHER PRODUCTS

Buffalo Hide & Embossed Card
Cast Coated Base Paper/Card
Color Wood Free Paper & Card
Fax/Thermal Paper & Others.

## FOR BOOKING PLEASE CONTACT

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

IBM
ISO 9001: 2015 CERTIFIED

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012





Printed on Golden Coin Pindo Art Card. 190 Gsm. Contact for Booking **IBM: 111-426-725**

pindo deli
paper producs

IBM™
PAKISTAN




VERITAC

SELF ADHESIVE STICKER PAPER
INDONESIA

Today, Labelstock Products have been used in various industrial sectors, and thus, we're continuously developing new products to meet the market demand for ace labeling, retail outlet labeling, barcode label, and other general end use.

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

IBM™
ISO 9001: 2015 CERTIFIED

INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

indah kiat
pulp & paper Products

# WELCOME TO
## OUR WORLD OF COLOURS



IK GOLD, X-BRITE
IK COPY PAPER



SINAR SPECTRA
premium colour paper



spectra color
premium color paper

## PHOTOCOPIER PAPER

SPECTRA COLOR, SINAR SPECTRA, PAPERLINE, BLC, PPC BROWN, PPC BLUE, PPC ORANGE, PAPERLINE 2000

## CAST COATED BOARDS

| | |
|---|---|
| SINAR ROYAL | C2S GRAPHIC BOARD |
| SINAR VANDA | C1S WHITE BACk HIGH-BLUK |
| SINAR PLEX | C1S DUPLEX BOARD GREY BLACK / E-PLEX BOARD |
| SINAR FOLD | C1S WHITE BACK |
| SINAR CARD | C1S DUPLEX BOARD WHITE BACK |



## QURAN PAPER
PREMIUM QUALITY HIGH SMOOTHNESS
COLOR PAPER
Sinar Tech



SINAR SPECTRA
COLOR CUBE



## FOR BOOKING CONTACT

IBM™
ISO 9001: 2015
CERTIFIED

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

اشاعت: بروز جمعۃ المبارک | قیمت 100 روپے

# پیپر بزنس

**پبلشرز: حرا رؤف**

نے پرنٹر عبدالغفور، ٹارگٹ پرنٹرز، 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے چھپوا کر شائع کیا

شمارے کے صفحات: 22 رنگین، 18 عمومی

**بانی: محمد رؤف**

ایڈیٹوریل بورڈ:

پبلشر وایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف

اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی

پیج میکنگ وڈیزائننگ: عمران صدیقی

سوشل میڈیا مارکیٹنگ: سمیر انصاری

معاون: عدنان انصاری

**رابطہ آفس**

A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر،

بلاک M، نارتھ ناظم آباد،

بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی

weeklypaperbusiness@gmail.com

فون: 0300-2933229

ویب سائٹ: weeklypaperbusiness.com

**چارجز: (سالانہ)**

بمعہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے

بمعہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے

کراچی پیپر مارکیٹ 1500 روپے

بمعہ ڈیجیٹل ایڈیشن 1000 روپے

آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی

IBAN No: PK72SUMB025602714112960


# آل پاکستان پیپر مرچنٹس نے وزیر خزانہ کو بجٹ تجاویز ارسال کردیں

## وزارت خزانہ وتجارت اور ایف بی آر کے اعلیٰ حکام سے بھی رابطے، امن وامان کی صورت حال کے باعث وزیر خزانہ اور وزیر تجارت سے ملاقات ملتوی

کراچی (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن نے آئندہ وفاقی بجٹ 2023-24 کیلئے اپنی تجاویز وزارت خزانہ اور ایف بی آر کو ارسال کر دیں اور اس سلسلے میں وزارت خزانہ، وزارت تجارت اور ایف بی آر کے اعلیٰ حکام سے رابطوں اور ملاقاتوں کا بھی آغاز کر دیا ہے۔ اطلاعات کے مطابق آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن اسلام آباد میں وفاقی وزیر خزانہ محمد اسحاق ڈار اور وفاقی وزیر تجارت نوید قمر سے ملاقات کے لئے تیار تھی لیکن اسلام آباد کی امن وامان کی صورت حال میں اچانک تبدیلی کے باعث اس ہفتے یہ ملاقات ملتوی ہوگئی اور دونوں وزرا نے کہا کہ وہ اس سلسلے میں متعلقہ سیکریٹریز سے ملاقات کر لیں۔ بعد ازاں اپیما نے سیکریٹری خزانہ اور سیکریٹری تجارت اور دیگر حکام کو پیپر و پیپر بورڈ کے ٹیرف میں پائے جانے والے تضادات سے آگاہ کیا اور بتایا کہ پرنٹڈ میٹریل عمومی کسٹم ڈیوٹی پر درآمد ہورہا ہے جبکہ پرنٹنگ وپیکجنگ انڈسٹری کی جانب سے بطور خام مال درآمد کئے جانے والے پیپر و پیپر بورڈ پر زیادہ سے زیادہ کی شرح لاگو ہے۔ اس کے علاوہ درآمد پر اضافی غیر معمولی ٹیکسز بھی عائد ہیں جبکہ دیگر اشیا میں جس میں پلپ (ایچ ایس کوڈ 47) بھی شامل ہے، پر صفر ڈیوٹی ہے اور تیار اشیا پر معمولی ڈیوٹی عائد ہے۔ جس میں ایچ ایس کوڈ 49 کے تحت طبع شدہ کتابیں، ادبی میٹریل بھی شامل ہے۔ اس کے برعکس ایچ ایس کوڈ 48 پیپر و پیپر بورڈ پر مجموعی طور پر 68 فیصد ڈیوٹی اور ٹیکسز عائد ہیں۔ آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن نے مزید آگاہ کیا کہ این ٹی سی نے 29 مارچ کو رائٹنگ پرنٹنگ پیپر پر عائد اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی ختم کر دی ہے اس سے قبل بجٹ 2021-22 میں این ٹی سی کی سفارش پر رائٹنگ پرنٹنگ پیپر پر دس فصد ریگولیٹری ڈیوٹی عائد کر دی گئی تھی۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل ٹیرف کمیشن نے مقامی کاغذ مل مافیا کی ایما پر وزارت خزانہ کو خط لکھا کہ امپورٹرز نے عدالت سے رجوع کر کے اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی ادا نہیں کی ہے۔ لہٰذا ریگولیٹری ڈیوٹی عائد کر دی جائے۔ اس دوران اپیما نے 2021-22 میں بھرپور کوششوں کے بعد وزیر خزانہ کو اس بات پر قائل کر لیا تھا اور ڈیوٹی 20 فیصد سے کم کر کے 16 فیصد کر دی گئی تھی لیکن مقامی کاغذ مل مافیا نے وزارت تجارت سے مل کر اپنا اثر ورسوخ استعمال کرتے ہوئے 10 فیصد آر ڈی عائد کرادی تھی۔ آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن نے زور دیا کہ یہ غیر منصفانہ 10 فیصد ریگولیٹری وفاقی بجٹ 2023-24 میں ختم کر دی جائے۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ اس وقت درآمدات کا حصہ بہت کم رہ گیا ہے اور زیادہ ڈیوٹی وٹیکسز کے باعث مقامی کاغذ ملیں تاجروں اور عوام کا استحصال کر رہی ہیں اور انہوں نے کارٹیل بنا کر قیمتوں میں ہوشربا اضافہ کر دیا ہے اور مقامی کاغذ بین الاقوامی معیار سے کہیں نیچے ہے۔ متعلقہ سیکریٹریز اور آفیسرز نے وعدہ کیا کہ وہ یہ تجاویز بجٹ اجلاس میں رکھیں گے۔ اپیما کے ذرائع کا خیال ہے کہ موجودہ معاشی غیر یقینی اور ابتر صورت حال کے باعث اس بات کا امکان تو کم ہے کہ ڈیوٹی میں کمی ہو لیکن اپیما پیپر و پیپر بورڈ کے ٹیرف میں پائے جانے والے تضادات کو ختم کرانے کے لئے کوشاں ہے۔



آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے لاہور کے بزنس مین گروپ کے رہنماؤں کا ایک اجلاس باؤ محمد بشیر سابق سینئر وائس چیئر مین اپیما کے دفتر میں منعقد ہوا جس میں چیئر مین اپیما ملک احد امین، صدر حسن رضا، خامس سعید بٹ اور دیگر شریک ہیں۔

## عید ملن تقریب آئندہ ہفتے ہونے کا امکان

کراچی (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کی روایتی عید ملن تقریب آئندہ ہفتے متوقع ہے۔ اگر امن و امان کی صورت حال بہتر ہوگئی تو اس کی تاریخ کا اعلان کر دیا جائے گا۔ اس سلسلے میں چیئر مین بزنس مین پینل محمد سلیم بیکیا کی صدارت میں بدھ 10 مئی کو منعقد ہوا جس میں سینئر وائس چیئر مین محمد انیس سمیت متعدد سینئر اراکین نے شرکت کی۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# کراچی: پراپرٹی ٹیکس نادہندگان کے خلاف کارروائی، نام اور جائیداد مشتہر کی جائے گی

## محکمہ ڈاک اور کوریئر سروسز کے ذریعے ٹیکس چالان دینگے جن جائیداد کا ریکارڈ کمپیوٹرائز نظام میں ہے انھیں باقاعدگی کے ساتھ آٹومیٹڈ چالان جاری ہونگے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) ایڈیشنل چیف سیکریٹری محکمہ بلدیات سید نجم احمد شاہ نے پراپرٹی ٹیکس کلیکشن کے حوالے سے ڈیم ایم سیز کے ایڈمنسٹریٹرز کو تمام تر وسائل واختیارات بروئے کار لانے کی ہدایت کی ہے اور ریونیو کلیکشن کے عمل کو شفاف اور غیر جانبدار بنانے کے لیے موثر مانیٹرنگ طریقہ کار بنانے پر زور دیا ہے، ان خیالات کا اظہار نجم احمد شاہ نے اپنے دفتر میں منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس میں اسپیشل سیکریٹری محکمہ بلدیات عثمان معظم بھی موجود تھے، ایڈیشنل چیف سیکریٹری کا کہنا تھا کہ کابینہ کی باقاعدہ منظوری کے بعد پراپرٹی ٹیکس کلیکشن کا شعبہ محکمہ بلدیات سندھ کو منتقل ہوا ہے جس کے تحت کمرشل ورہائشی جائیدادوں سے ٹیکس وصول کیا جارہا ہے، نجم احمد شاہ نے اس موقع پر موجود تمام افسران کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ جن جائیدادوں کا ریکارڈ کمپیوٹرائز سسٹم کے اندر موجود ہے ان کو باقاعدگی کے ساتھ آٹومیٹڈ چالان جاری کیے جائیں، محکمہ ڈاک اور کوریئر سروسز کے ذریعے درست پتے پر ٹیکس چالان کا پہنچنا یقینی بنایا جائے، نجم احمد شاہ نے حکم دیا کہ پراپرٹی ٹیکس کی مد میں حاصل ہونے والی رقم کو امانت سمجھ کر ادارے اور عوام کی ترقی پر خرچ کیا جائے، سندھ سرکار کی رٹ چیلنج کرنے والے عناصر سے کوئی بھی رعایت نہ برتی جائے، ایڈیشنل چیف سیکریٹری نے احکام جاری کیسے کہ پراپرٹی ٹیکس کلیکشن کے طریقہ کار کو غلطیوں سے پاک رکھا جائے، رشوت ستانی کے حوالے سے کی جانے والی شکایات کا فوری ازالہ یقینی بنایا جائے، نجم احمد شاہ نے مزید کہا کہ پراپرٹی ٹیکس کلیکشن کے کام کو اولیت ترجیحات میں شمار کیا جائے اور بڑے نادہندگان کے نام اور جائیداد کی تفصیلات اخبارات میں شائع کی جائیں۔

## موبائل فون اور کاروں پر ریگولیٹری ڈیوٹی ازخود ختم ہوگئی، ایف بی آر

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) چیئرمین فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) عاصم احمد کا کہنا ہے کہ موبائل فون اور کاروں پر ریگولیٹری ڈیوٹی 31 مارچ تک عائد ہوئی تھی جو ازخود ختم ہوگئی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈائریکٹ جنرل کسٹمز انٹیلی جنس اینڈ انویسٹیگیشن اسلام آباد کے دورہ کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ دورے کے موقع پر انہوں نے اعلیٰ سطح اجلاس کی صدارت کی اور ڈی جی کسٹمز انٹیلی جنس اینڈ انویسٹیگیشن و دیگر متعلقہ افسران نے تفصیلی بریفنگ بھی دی۔ چیئرمین ایف بی آر عاصم احمد نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ موبائل فون اور کاروں پر ریگولیٹری ڈیوٹی 31 مارچ تک عائد ہوئی تھی جو ازخود ختم ہوگئی، ایف بی آر کسی بھی وقت موبائل فون اور کاروں پر ریگولیٹری ڈیوٹی عائد کر دے گا۔ چیئرمین ایف بی آر نے کہا کہ فوری طور پر ریگولیٹری ڈیوٹی لگانے کا نوٹیفکیشن کرنے کی ضرورت نہیں کیونکہ کاریں اور موبائل فونز درآمد نہیں ہورہے، موبائل فونز اور کاروں پر ریگولیٹری ڈیوٹی لگانے کا فیصلہ وزارت تجارت کرتی ہے، جیسے ہی وزارت تجارت کہے گی ہم نوٹیفکیشن جاری کردیں گے۔

## 21 فیصد شرح سود تاجروں اور صنعت کاروں میں بے چینی کا باعث

لاہور (بزنس ڈیسک) پاکستان میں 21 فیصد کی بے مثال ہائی پالیسی ریٹ نے ملک کے تاجروں اور صنعت کاروں میں بے چینی کی فضا پیدا کردی ہے۔ سود کی بلند شرح کے نتیجے میں کاروباری سرگرمیوں میں شدید کمی واقع ہوئی ہے، بینکوں سے مہنگی رقم کی وجہ سے بہت سے کاروبار عالمی منڈی میں مقابلہ کرنے کے لیے جدوجہد کررہے ہیں۔ لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سینئر نائب صدر عدنان خالد بٹ نے اس معاملے پر شدید تحفظات کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر اسٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) پالیسی ریٹ کو سنگل ڈیجٹ پر نہیں لاتا تو اس سے بہت سی صنعتیں بند ہوجائیں گی، جس کے نتیجے میں ملک میں بے روزگاری میں اضافہ ہوگا۔ ہائی پالیسی ریٹ نے صنعتکاروں اور تاجروں پر بے پناہ مالی بوجھ ڈالا ہے جس سے ان کے لیے قرضے ادا کرنا اور کاروبار جاری رکھنا مشکل ہوگیا ہے۔ قرض لینے کی بڑھتی ہوئی لاگت سرمایہ کاری میں نمایاں کمی کا باعث بنی ہے، جس کے نتیجے میں اقتصادی ترقی اور ترقی میں کمی واقع ہوئی ہے۔ تاجروں نے اسٹیٹ بینک کے سربراہ پر زور دیا ہے کہ وہ کاروباری سرگرمیوں کو آسان بنانے اور مشکلات کا شکار صنعتکاروں کو ریلیف دینے کے لیے پالیسی ریٹ میں کمی کے لیے فوری اقدامات کریں۔ انہوں نے مانیٹری پالیسی پر نظر ثانی کا بھی مطالبہ کیا ہے تاکہ اسے مزید کاروبار دوست بنایا جاسکے اور ملک میں سرمایہ کاری اور ترقی کو فروغ دیا جاسکے۔ اعلیٰ پالیسی ریٹ کا اسٹاک مارکیٹ پر بھی منفی اثر پڑا ہے، اسٹاک کی گرتی ہوئی قدر سے سرمایہ کاروں اور تاجروں کو اربوں روپے کا نقصان ہوا۔ تاجر برادری نے اس معاملے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت پر زور دیا ہے کہ وہ اس مسئلے کو حل کرنے کے لیے اقدامات کرے اور مشکلات کا شکار کاروباروں کو ریلیف فراہم کرے۔ آخر میں، پاکستان میں 21 فیصد کی اعلیٰ پالیسی کی شرح تاجر برادری کے لیے ایک بڑی تشویش بن گئی ہے، جس میں بہت سے صنعت کار اور تاجر اپنی بقا کے لیے جدوجہد کررہے ہیں۔ اسٹیٹ بینک کو اس مسئلے سے نمٹنے کے لیے فوری اقدامات کرنے اور ملک میں سرمایہ کاری اور ترقی کو فروغ دینے کے لیے جدوجہد کرنے والے کاروباروں کو ریلیف فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔

## میگا کرنسی ایکسچینج کمپنی 'بی' پرائیویٹ لمیٹڈ کا لائسنس منسوخ

کراچی (نیوز ڈیسک) بینک دولتِ پاکستان نے 3 مئی 2023ء کو متعلقہ قوانین اور ضوابط کی خلاف ورزی کی بنا پر میسرز میگا کرنسی ایکسچینج کمپنی 'بی' (پرائیویٹ) لمیٹڈ کا اجازت نامہ/لائسنس منسوخ کردیا۔ لہٰذا، مذکورہ بالا ایکسچینج کمپنی، بشمول اس کا صدر دفتر اور شاخیں، غیر ملکی کرنسی سے متعلق کسی بھی قسم کی کاروباری سرگرمیاں انجام دینے کی مجاز نہیں ہے۔

## کورنگی میں ٹیشو پیپر بنانے والی فیکٹری میں آگ بھڑک اٹھی

کراچی (نیوز ڈیسک) کورنگی میں ٹیشو پیپر بنانے والی فیکٹری میں گزشتہ دنوں آگ بھڑک اٹھی، ایس ایچ او عوامی جمال لغاری نے بتایا کہ آگ کورنگی سیکٹر 27 میں قائم مقامی ٹیشو پیپر بنانے والی فیکٹری میں لگی تھی، فیکٹری کے مالک رضوان کے مطابق آگ شارٹ سرکٹ کے باعث لگی، فائر بریگیڈ نے آگ پر قابو پالیا۔

## روبی اسٹیشنرز کے محمد اقبال انتقال کر گئے

کراچی (پیپر بزنس نیوز) محمد اقبال (روبی اسٹیشنرز اردو بازار والے) کا بروز ہفتہ 6 مئی کو بقضائے الٰہی انتقال ہوگیا ہے۔

**توجہ فرمائیں.....!**

ہفت روزہ ''پیپر بزنس''، میں اشتہارات نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کئے جاتے ہیں، ادارہ کا ان کے مندرجات سے متفق ہونا ضروری نہیں۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

CPP Services Private Limited

联强集团 UPG UP GROUP

World Re-known Brands which are under Our Belt and their Product Line.

| | |
|---|---|
| YU YIN | Automatic Die Cutting<br>Foil Printing Machines |
| accura | High-end Slitting & Sheeting Machines |
| FB FANGBANG | Roll Fed Paper Bag Machines<br>Sheet Fed Paper Bag Machines |
| DLG 德拉根<br>上海德拉根印刷机械有限公司<br>SHANGHAI DRAGON PRINTING MACHINERY CO.,LTD. | Automatic Spot UV Machines<br>Water Base Coating Machines<br>Folder Gluer Machines |
| HHM | High-end Folder Gluer |
| GUOWEI<br>浙江国威智能设备有限公司<br>Zhejiang Guowei Intelligent Equipment Co., Ltd. | Sheeting Machines<br>Guillotine Cutting Machines |
| SHENGTIAN®<br>盛田 | Flute Laminator &<br>Thermal Lamination Machines<br>Water Base Lamination Machines |
| GMB 光明<br>GUANGMING | Thermal Lamination Machines |
| HS MACHINE | Narrow Web Label Printing Machines<br>Plain Label Rotary & Flat Bed Die Cuting Machines<br>& Slitting Machines |

Plot no 18, Sector 26, Industrial Area Korangi, Karachi - Pakistan.

+92-21-35070785-8 Email:info@cpp.com.pk www.cpp.com.pk

# نیوز پرنٹ کی درآمد 53 ہزار ٹن سے کم ہوکر 28 ہزار ٹن رہ گئی

## 2021-22 میں گزشتہ سال کے مقابلے میں دیگر اقسام کے پیپر و پیپر بورڈ کی درآمد میں بھی نمایاں کمی

کراچی (پیپر بزنس نیوز) پاکستان میں دیگر درآمدی اشیا کی طرح پیپر و پیپر بورڈ کی درآمدات میں بھی مسلسل کمی واقع ہوئی ہے۔ 2020-21 کے مقابلے میں 2021-22 میں پیپر و پیپر بورڈ کی مجموعی درآمد میں 18 فیصد سے زائد کمی ہوئی لیکن نیوز پرنٹ سب سے زیادہ متاثر ہوا۔ جس کی درآمدات میں 52 فیصد کی کمی ہوئی جو 53 ہزار ٹن سے کم ہوکر 28 ہزار ٹن رہ گئیں۔ دیگر اقسام کے پیپر و پیپر بورڈ میں بھی کمی ہوئی جس کی تفصیل مندرجہ ذیل چارٹ میں دی جا رہی ہے۔ سب سے زیادہ درآمد انڈونیشیا سے رہی۔ جبکہ نیوز پرنٹ کی سب سے زیادہ درآمد رشین فیڈریشن سے رہی اور دوسرے نمبر پر کینیڈا رہا۔ دیگر پیپر کی درآمد میں انڈونیشیا کے بعد چائنا، تھائی لینڈ نمایاں ہیں۔

# Pakistan: Newsprint and Paper & Paper Board Import ( HS CODE 48) 2020-22

## IMPORTS BY COMMODITIES AND COUNTRIES

| HS Code | Countries | JUL 21 TO JUN 22 | | JUL 20 TO JUN 21 | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | Quantity - Kg | Rupees in 000 | Quantity - Kg | Rupees in 000 |
| 48010000 | NEWSPRINT,IN ROLLS OR SHEETS | | | | |
| | Australia | 414,186 | 32,645 | 1,373,235 | 109,649 |
| | Canada | 10,311,159 | 1,113,951 | 15,079,010 | 1,217,265 |
| | Europien Union | 244,032 | 39,392 | 2,478,342 | 215,629 |
| | Russian Federation | 13,456,279 | 1,710,084 | 20,705,813 | 1,697,526 |
| | Sweden | 2,470,785 | 276,536 | 12,081,070 | 991,818 |
| | U.S.America | 1,135,848 | 126,750 | 1,315,990 | 101,523 |
| | **Total** | **28,032,289** | **3,299,358** | **53,033,460** | **4,333,410** |
| 48025400 | OTHER PAPER & PAPER BOARD <40G/SQ | | | | |
| | China | 1,316,607 | 154,723 | 1,267,124 | 133,206 |
| 48025510 | PRINT PAPER,UNCOATED IN ROLL | | | | |
| | Australia | 117,335 | 16,581 | 1,553,824 | 176,303 |
| | China | 10,029,041 | 1,579,297 | 5,758,317 | 1,090,765 |
| | Indonesia | 2,175,035 | 369,608 | 1,539,204 | 184,008 |
| | **Total** | **12,321,411** | **1,965,486** | **8,851,345** | **1,451,076** |
| 48025590 | OTHER PAPER & PAPER BOARD <40-150G | | | | |
| | Indonesia | 2,287,766 | 391,885 | ...... | ...... |
| 48025700 | OTH PAPER WEIGHT 40-150 G/M2 | | | | |
| | Canada | 17,820 | 2,723 | ...... | ...... |
| | Italy | 42,419 | 13,153 | 37,363 | 11,441 |
| | Japan | 55,266 | 16,061 | ...... | ...... |
| | Spain | 412,844 | 118,852 | 503,477 | 131,926 |
| | U.S.America | 23,099 | 4,844 | 24,351 | 6,682 |
| | United Kingdom | 445,768 | 153,055 | 342,381 | 114,143 |
| | **Total** | **997,216** | **308,688** | **907,572** | **264,192** |
| 48025890 | OTHER PAPER / PAPER-BOARD UN-COATED >150G/SQM | | | | |
| | Belgium | 175,655 | 32,505 | 118,998 | 12,530 |
| | Brazil | 143,445 | 19,922 | 12,040 | 1,296 |
| | Canada | 4,328 | 5,020 | 290,447 | 32,570 |
| | China | 263,426 | 60,490 | 148,767 | 18,759 |
| | Europien Union | 517,635 | 83,322 | 116,298 | 16,591 |
| | Indonesia | 1,946,079 | 314,115 | 2,457,793 | 286,185 |
| | Italy | 100,715 | 23,071 | 32,208 | 6,170 |
| | Japan | 451,638 | 102,529 | 259,212 | 39,895 |
| | Korea | 197,430 | 33,811 | 125,638 | 20,568 |
| | U.S.America | 769,192 | 192,227 | 759,919 | 130,029 |
| | United Kingdom | 218,695 | 49,721 | 742,274 | 87,820 |
| | **Total** | **4,788,238** | **916,733** | **5,063,594** | **652,413** |

| HS Code | Countries | JUL 21 TO JUN 22 | | JUL 20 TO JUN 21 | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | Quantity - Kg | Rupees in 000 | Quantity - Kg | Rupees in 000 |
| 48026100 | OTHER PAPER & PAPER BOARD IN ROLLS | | | | |
| | Australia | 719,095 | 79,220 | 2,067,863 | 219,813 |
| | Indonesia | 1,630,561 | 294,996 | 4,005,176 | 434,309 |
| | Korea | ...... | ...... | 139,506 | 17,766 |
| | U.S.America | 72,855 | 11,045 | 47,881 | 4,986 |
| | U A E | 7,026 | 1,145 | 804,060 | 84,372 |
| | **Total** | **2,429,537** | **386,406** | **7,064,486** | **761,246** |
| 48026200 | OTHER PAPER & PAPER BOARD IN SHEET | | | | |
| | Argentina | 184,419 | 23,934 | 554,967 | 67,699 |
| | Australia | 82,637 | 11,465 | 1,737,312 | 191,419 |
| | Brazil | 2,798,820 | 380,518 | 3,000,564 | 365,109 |
| | China | 27,060 | 5,671 | 175,735 | 17,324 |
| | Indonesia | 24,822,943 | 4,315,383 | 23,058,910 | 2,721,253 |
| | Portugal | 626,880 | 94,444 | 876,341 | 98,546 |
| | Russian Federation | 611,840 | 87,734 | 2,268,569 | 248,159 |
| | Thailand | 8,887,297 | 1,649,173 | 6,933,882 | 1,085,391 |
| | U A E | 4,091,178 | 635,789 | 5,038,990 | 597,817 |
| | **Total** | **42,133,074** | **7,204,111** | **43,645,270** | **5,392,717** |
| 48026990 | OTHER UNCOATED PAPER & PAPER BOARD | | | | |
| | Australia | 24,950 | 3,082 | 217,074 | 24,715 |
| | Brazil | 269,171 | 41,005 | 742,215 | 81,374 |
| | China | 85,826 | 16,612 | 387,644 | 44,968 |
| | Indonesia | 17,677,060 | 2,960,802 | 15,886,636 | 1,887,688 |
| | Japan | 424,602 | 56,699 | 545,556 | 65,641 |
| | U A E | 458,803 | 68,516 | 269,371 | 29,761 |
| | **Total** | **18,940,412** | **3,146,716** | **18,048,496** | **2,134,147** |

**Grand Total of JUL 21 TO JUN 22**

| Quantity - Kg | Rupees in 000 |
|---|---|
| 113,246,550 | 17,774,106 |

**Grand Total of JUL 20 TO JUN 21**

| Quantity - Kg | Rupees in 000 |
|---|---|
| 137,881,347 | 15,122,407 |

IBM

&

APL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.

# اسٹیکر پیپر اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں کمی، ریٹیل مارکیٹ میں لیٹر ہیڈ پیپر کی قیمتوں میں اضافہ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے بھی مندی دیکھنے میں آئی اور 10 مئی 2023 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک جی.ایس ایف، پاور ٹیک چائنا اور نیکسز پرو چائنا اور فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔ جبکہ ریٹیل مارکیٹ میں لیٹر ہیڈ پیپر کی قیمتوں میں اضافہ دیکھا گیا۔ دیگر پیپر و پیپر بورڈ کے برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو اتار چڑھاؤ ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال یہ رہی کہ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا پی پی سی براؤن 70 گرام، 1420 روپے سے کم ہو کر 1380 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پی پی سی براؤن 80 گرام، 1600 روپے سے کم ہو کر 1580 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 70 گرام 1420، روپے سے کم ہو کر 1380 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 80 گرام، 1620 روپے سے کم ہو کر 1600 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 70 گرام 1430، روپے سے کم ہو کر 1400 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی F4B-13 ۔ 70 گرام، 1600 روپے سے کم ہو کر 1580 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی F4A-13.5 ۔ 70 گرام 1620، روپے سے کم ہو کر 1600 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 70 گرام، 1360 روپے سے کم ہو کر 1340 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک جی ایس ایف 20x30 سائز، 4800 روپے سے کم ہو کر 4600 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر پاور ٹیک چائنا 20x30 سائز، 4800 روپے سے کم ہو کر 4600 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر نیکسز پرو چائنا 20x30 سائز، 4800 روپے سے کم ہو کر 4600 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

ریٹیل مارکیٹ میں لیٹر ہیڈ پیپر ییلو لیڈ 8.5x12 سائز، 2800 روپے سے بڑھ کر 3500 روپے فی ریم ہوگیا ہے۔ لیٹر ہیڈ پیپر وائٹ لیڈ 8.5x12 سائز 2500، روپے سے بڑھ کر 3000 روپے فی ریم ہوگیا ہے۔ لیٹر ہیڈ پیپر ییلو لین 8.5x12 سائز 2800، روپے سے بڑھ کر 3500 روپے فی ریم ہوگیا ہے۔ لیٹر ہیڈ پیپر وائٹ لین زیٹا 8.5x12 سائز 2200، روپے سے بڑھ کر 2800 روپے فی ریم ہوگیا ہے۔

# سابق وزیر اعظم عمران خان کی گرفتاری اور ملک میں بدامنی کے بعد ڈالر 290 سے بھی آگے

کراچی (بزنس ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف کے سربراہ عمران خان کی گرفتاری اور ملک میں پیدا ہونے والی غیر یقینی صورتحال کے بعد ڈالر کو بھی پر لگ گئے۔ ڈالر ملکی تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گیا۔ ڈالر کی قیمت میں اضافے کا سلسلہ جاری ہے۔ منگل کے بعد بدھ 10 مئی کو بھی ڈالر کی قیمت میں اضافے کا رجحان جاری رہا جو انٹر بینک میں 5 روپے 37 پیسے کے اضافے کے بعد 290 روپے 22 پیسے کا ہو گیا۔ اس طرح ایک دن میں 1.8 فیصد کا اضافہ ہوا۔ ڈالر نے تقریباً ایک ماہ بعد یہ جمپ لگائی ہے۔ 11 اپریل کو ڈالر 288.42 کا تھا بعد میں اس میں کمی دیکھی گئی تھی لیکن گزشتہ دو دنوں سے اس میں اضافہ ہوا ہے۔ فاریکس ڈیلرز کے مطابق بینکس درآمد کنندگان کو ڈالر 290 روپے میں فروخت کر رہے ہیں۔ منگل 9 مئی 2023 کو انٹر بینک اور مقامی اوپن کرنسی مارکیٹ میں روپے کے مقابلے ڈالر مہنگا ہو گیا۔ بینک دولت پاکستان کے مطابق 99 پیسے کے اضافے سے انٹر بینک میں ڈالر کی قدر 284.84 روپے پر جا پہنچی جبکہ فاریکس ایسوسی ایشن آف پاکستان کے مطابق منگل 9 مئی کو ایک اعشاریہ بیس روپے کے نمایاں اضافے سے انٹر بینک میں روپے کے مقابلے ڈالر کی قدر 284.05 روپے سے بڑھ کر 285.25 روپے ہوگئی اسی طرح اوپن مارکیٹ میں ڈالر 2 روپے مہنگا ہو گیا جس سے ڈالر کی قیمت فروخت 288 روپے سے بڑھ کر 290 روپے ہوگئی۔ رپورٹ کے مطابق یورو کی قدر میں 50 پیسے کی کمی واقع ہوئی جس سے یورو کی قیمت فروخت 316 روپے سے گھٹ کر 315.50 روپے ہوگئی تاہم 1 روپے کے اضافے سے برطانوی پونڈ کی قیمت فروخت 362 روپے سے بڑھ کر 363 روپے پر جا پہنچی۔ دوسری جانب پارلیمانی سیکرٹری کرن ڈار نے قومی اسمبلی کو بتایا ہے کہ ڈالر کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ پی آئی اے کرایوں میں اضافے کی وجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈومیسٹک کرایوں میں پی آئی اے ان روٹس پر بھی پروازیں چلاتا ہے جہاں دوسری نہیں جاتی۔ انہوں نے کہا کہ اس وجہ سے پی آئی اے کے کرایوں میں اضافہ ہوتا ہے۔

## وفاقی بجٹ 9 جون کو پیش کیے جانے کا امکان

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) آئندہ مالی سال 2023-24 کا وفاقی بجٹ 9 جون کو قومی اسمبلی میں پیش کیے جانے کا امکان ہے۔ وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار آئندہ مالی سال کا بجٹ پیش کریں گے، وزیر اعظم کی زیر صدارت قومی اقتصادی کونسل کا اجلاس جون کے پہلے ہفتے میں بلایا جائے گا۔ سالانہ منصوبہ بندی کوآرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس مئی کے وسط میں ہوگا، سالانہ منصوبہ بندی کوآرڈینیشن کمیٹی ترقیاتی بجٹ کے خدوخال تیار کرے گی۔

CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com


یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# نیوز پرنٹ پر درآمدی ڈیوٹی اور محصولات کو سب کیلئے یکساں بنایا جائے، اپیما کی وفاقی بجٹ 98-1997 کیلئے تجاویز

## پاکستان میں کاغذ کی 3 کلوگرام فی کسی کھپت ترقی کے دعوؤں کی نفی کرتی ہے تعلیم، کتب اور اسٹیشنری کے سامان کی قیمتوں کو عام آدمی کی دسترس میں لایا جائے

کراچی (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن (اپیما) نے وفاقی بجٹ 98-1997ء کے لئے اپنی تجاویز میں کہا ہے کہ پیپر اور پیپر بورڈ تعلیم کے ساتھ ساتھ صنعت و تجارت اور درآمدات وغیرہ کے لئے انتہائی لازمی اشیاء میں سے ایک ہیں یہ اس درجہ اہمیت کے حامل ہیں کہ ان کی کھپت کسی قوم کی ترقی اور اس کے معیار زندگی کے تعین کے لئے ایک پیمانہ ہے۔ پاکستان میں پیپر کی کھپت کی صرف 3 کلوگرام فی کس کی کم شرح ترقی کے تمام دعووں کی نفی کرتی ہے اور اس رو بہ زوال شرح کو بہتر بنانے کے بارے میں سنجیدگی سے غور وفکر کرنے اور فوری اقدامات کا تقاضہ کرتی ہے۔

ہماری شرح خواندگی کا جو درحقیقت ”دنیا بھر میں خواندگی کی کم ترین شرحوں میں سے ایک ہے“، اولین سبب تعلیم کی عام آدمی کی دسترس سے دوری ہے۔ کتابوں، پڑھنے لکھنے کے سامان، جرائد و رسائل کی قیمتوں میں گزشتہ برسوں کے دوران بے پناہ اضافہ ہوا ہے جس کا سبب قوم کے مستقبل اور اس کے باعزت وجود کی قیمت پر اس شعبے سے بھی آمدنی کے حصول کی غرض سے حکومت کی جانب سے کئے جانے والے اقدامات ہیں۔ اب وقت آگیا ہے کہ تعلیم 'کتب' پڑھنے لکھنے کے سامان کی قیمتوں اور تمام سطحوں پر تعلیم کی سہولتوں پر ہونے والے اخراجات کو اعتدال کی سطح پر اور عام آدمی کی دسترس میں لایا جائے اور شرح خواندگی کو بہتر بنانے اور قوم کو بچانے کے لئے مزید وقت ضائع کئے بغیر وسیع پیمانے پر ہنگامی اقدامات کئے جائیں۔ دوسرا پہلو مقامی تجارت اور درآمدات کے لئے ریپنگ اور پیکجنگ کا سامان ہے۔ پرکشش اور پائیدار پیکجنگ کی حامل اشیاء اور اشتہارات مقامی اور بین الاقوامی مارکیٹوں میں مقابلے کے لئے انتہائی ضروری ہیں۔ اس مقصد کے لئے پیپر، پیپر بورڈ اور طباعت تیار شدہ مال کو باوقار طریقے سے پیش کرنے کا بنیادی ذریعہ ہیں۔ ابھی ہمارے مقامی پیپر ملز صرف گھٹیا معیار کا طباعتی اور تحریری کاغذ تیار کرنے اور محدود مقدار میں پیکنگ بورڈ کی تیاری کے قابل ہو سکتے ہیں اور اس معیار کے کاغذ کی جسے اعلیٰ اور خصوصی کہا جا سکے ملکی طلب کو پورا کرنے کے قابل نہیں ہیں۔ اس لئے پیپر اور پیپر بورڈ کی درآمدات ناگزیر ہیں اور یہ مقامی طور پر کاغذ کی تیاری پر اثر انداز ہونے کی بجائے درآمد کے نتیجے میں ہونے والے مقابلے کے سبب قیمتوں کو قابو میں رکھنے اور معیار کو بہتر بنانے میں مددگار ثابت ہوں گی۔ اگر ہم اقوام عالم کے درمیان ایک مقام رکھنے والے زندہ ملک بننے اور اپنے شہریوں کے لئے بہتر معیار زندگی کے لئے راستہ مقرر کرنے میں

**یہ بجٹ تجاویز پیپر بزنس کے شمارے یکم تا 7 مارچ 1997 میں شائع کی گئی تھیں**

مخلص ہیں پھر تو اس نصب العین کے حصول کے لئے جو ابھی تک محض ایک سراب ہے مندرجہ ذیل اقدامات تجویز کئے جا رہے ہیں۔

### الف) پیپر اور پیپر بورڈ:

پیپر اور پیپر بورڈ پر سب سے اونچی شرح سے درآمدی ڈیوٹی عائد ہے جو 45/50 فیصد ہے اور اس کے ساتھ ساتھ اس پر 10 فیصد ریگولیٹری ڈیوٹی بھی مائد ہے جبکہ اسکول کی عام طباعت شدہ کتابیں بھی بغیر ڈیوٹی کے درآمد کی جاتی ہیں گویا کہ ہم پرنٹنگ اور پیکجنگ کی اپنی ملکی صنعت کی قیمت پر غیر ممالک کی پرنٹنگ و پیکجنگ کی صنعت کی حمایت کر رہے ہیں جس کے نتیجے میں ہماری اپنی اس صنعت کو اپنی وسعت کے تمام منصوبے بالائے طاق رکھنے پڑے ہیں اور ہزاروں تربیت یافتہ اور غیر تربیت یافتہ کارکنوں کے لئے ملازمتوں کے مواقع کم ہو گئے ہیں۔ اس لئے تجویز پیش کی جاتی ہے کہ پیپر اور پیپر بورڈ پر درآمدی ڈیوٹی 25 فیصد کی جائے اور طباعت شدہ مواد یعنی طباعت شدہ اخبارات اور پیپر بورڈ پر ڈیوٹی کی شرح ملکی مفاد کو پیش نظر رکھ کر مقرر کی بجائے اور ریگولیٹری ڈیوٹی واپس لی جائے۔

### ب) نیوز پرنٹ پیپر:

نیوز پرنٹ کے لئے ملک کا کلی انحصار درآمدات پر ہے۔ درآمدی ڈیوٹی کا موجودہ ڈھانچہ اخبارات بشمول قرآن مجید و جرائد کے ناشرین اور تجارتی درآمدکنندگان کے لئے مختلف ہے اور اتنا زیادہ امتیازی ہے کہ تجارتی درآمدات یکسر ختم ہو کر رہ گئی ہیں صنعتی درآمدات میں بھی بہت کمی واقع ہو گئی ہے۔ اس لئے حکومت کو متوقع آمدنی حاصل نہیں ہو پا رہی ہے کیونکہ نیوز پرنٹ کی درآمدات کے تجارتی اور صنعتی شعبوں میں کمی ان کے لئے فائدہ مند ہے جن کے ساتھ نیوز پرنٹ کی درآمدی ڈیوٹی کی شرح اور محصولات کے سلسلے میں ترجیحی سلوک ہو رہا ہے اور اس کے نتیجے میں بدعنوانی کی حوصلہ افزائی ہو رہی ہے نیوز پرنٹ کے تجارتی درآمدکنندگان ان چھوٹے اخبارات اور رسائل و جرائد کے لئے نیوز پرنٹ درآمد کرتے ہیں جو اے پی سی کی شرائط پر پورے نہیں اترتے اور اپنے لئے درآمد کے متحمل نہیں ہو سکتے۔ اس لئے امتیازی ڈیوٹی درحقیقت ان چھوٹے صارفین کے لئے جو اپنے پیروں پر کھڑے ہونے کی کوشش کر رہے ہیں، ایک سزا ہے۔ اس لئے تجویز پیش کی جاتی ہے کہ سماجی انصاف اور شریعت کے تقاضوں کی تکمیل اور تمام امتیازات کے خاتمے کے لئے نیوز پرنٹ کی درآمدی ڈیوٹی اور محصولات کو سب کے لئے یکساں بنایا جائے۔

### ج) بانڈیڈ ویئر ہاؤسنگ:

معیشت میں طویل جمود کے سبب ویئر ہاؤس میں طویل عرصے کے لئے بانڈنگ ناگزیر ہو چکی ہے۔ علاوہ ازکوئی بھی ایسے قابل صرف اسٹاک کو روکنے کا خطرہ مول لینا پسند نہیں کرتا جو طویل عرصے تک رکھے رہنے کے سبب خراب ہو سکتا ہے۔ اس لئے تجویز پیش کی جاتی ہے کہ ایک سال کے لئے بلا سرچارج بانڈنگ کی سہولت دوبارہ متعارف کرائی جائے۔

### انکم ٹیکس اور ود ہولڈنگ انکم ٹیکس:

زیر دفعہ (5) 50 انکم ٹیکس کی کٹوتی گزشتہ برسوں کے دوران دو فیصد اور پھر 4 فیصد ہوئی اب یہ اضافہ پانچ فیصد تک پہنچ گیا ہے۔ خصوصاً اس وقت جب ایسی اشیاء کی سپلائی پر بھی جن پر انکم ٹیکس ادا کیا جا چکا ہو زیر دفعہ 50 (4)۔ تین اعشاریہ پچاس فیصد مزید انکم ٹیکس کاٹ لیا جاتا ہے۔ یہ انکم ٹیکس کی دہری کٹوتی ہے جس کا کوئی جواز نہیں ہے۔ اس لئے تجویز پیش کی جاتی ہے کہ ایک ہی سامان پر دوبارہ انکم ٹیکس کی وصولی (ایک مرتبہ درآمد پر ایک مرتبہ سپلائی پر) واپس لیا جائے اور اسے صرف ایک مرتبہ قابل وصولی بنایا جائے اور یہ کٹوتی کسی صنعتی شعبے کے استثناء کے بغیر 2 فیصد سے زیادہ نہیں ہونی چاہئے تاکہ بدعنوانی کے دروازے بند ہو سکیں۔

### بنک دستاویزات پر انکم ٹیکس کی کٹوتی:

بنک دستاویزات پر انکم ٹیکس کی کٹوتی کے نتیجے میں بینکوں کو نظر انداز کرتے ہوئے رقم کی منتقلی کے لئے طریقے تلاش کر لئے گئے ہیں بہ الفاظ دیگر بغیر کسی آمدنی کے خطرے کی بینکاری جاری ہے۔ اس لئے تجویز پیش کی جاتی ہے کہ بینک دستاویزات پر ود ہولڈنگ انکم ٹیکس واپس لیا جائے۔

### ویلتھ ٹیکس:

افراط زر کے نتیجے میں قیمتوں میں انتہائی اضافے کے پیش نظر استثناء کی حد کم از کم 50 لاکھ روپے معہ ایک رہائشی مکان اور ایک دکان/دفتر کی عمارت ہونی چاہئے۔

### ز) ٹرن اوور ٹیکس:

ابتداء میں ٹرن اوور ٹیکس صنعتوں اور لمیٹڈ کمپنیوں کے لئے تھا بعد میں




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

اسے رجسٹرڈ کمپنیوں تک وسیع کر دیا گیا تھا اور اب اس میں تاجر بھی شامل ہو گئے ہیں۔ یہ تجارت پر ایک بھاری بوجھ ہے اس لئے اسے واپس لینے کی پرزور تجویز پیش کی جاتی ہے۔

### ج) معیشت کے فروغ کیلئے انتظامی اقدامات:

1 - پری شپمنٹ انسپکشن سسٹم اور سی آر ایف سسٹم کو جاری رہنا چاہئے۔ اگر چہ اس سسٹم نے چند مسائل پیدا کئے ہیں تاہم مجموعی طور پر درآمدی اشیاء کے معیار اور قیمتوں کو منضبط کیا ہے اور بہتر بنایا ہے۔ ابتداً درآمد کنندگان کو کچھ شکایات تھیں تاہم معاملات اب مناسب طور پر بہتر ہو گئے ہیں اور درآمد کنندگان خود کو کسٹم حکام کے نوکر شاہانہ چنگل سے آزاد محسوس کرتے ہیں۔ تاہم سی آر ایف کو مکمل طور پر شفاف بنانے کے لئے ابھی بھی تبدیلیوں کی ضرورت ہے۔ اس لئے تجویز پیش کی جاتی ہے کہ ورکنگ کمیٹی کو زیادہ نمائندگی دی جائے اور مزید با اختیار بنایا جائے اور اعلیٰ عدالتوں کے کسی جج یا ریٹائرڈ جج کو اس کا سربراہ مقرر کیا جائے۔ اس لئے تجویز پیش کی جاتی ہے کہ 2 فیصد پری شپمنٹ انسپکشن رجز بہت زیادہ ہے انہیں کم کر کے 0.50 فیصد مقرر کیا جائے۔

2۔ اس امر کو یقینی بنایا جانا چاہئے کہ افغان ٹرانزٹ کے لئے دی گئی سہولتوں کے تحت درآمد شدہ سامان اور کم نرخوں کی سہولت کے حامل صنعتی صارفین کے لئے درآمدی مال کو حکومت کے ساتھ دھوکہ دہی کرنے کے لئے مارکیٹ میں نہیں بھیجا جا رہا ہے۔ ان تجاویز کا نفاذ مروجہ بدعنوانیوں کے خاتمے میں مددگار اور حکومت کی آمدنی کو بہتر بنانے اور قومی معیشت میں منصفانہ اور دیانتدارانہ نظم وضبط کے قیام کے مفاد میں بہترین ثابت ہوگا۔

# اکتوبر تک ڈالر اور دیگر اشیا کی اسمگلنگ کا خاتمہ ہو جائے گا۔ ممبر کسٹم آپریشن مکرم جاہ کا دعویٰ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سینٹ کی قائمہ کمیٹی خزانہ کو وزیر مملکت خزانہ عائشہ غوث پاشا نے بتایا کہ اسمگلنگ کے خاتمے کیلئے کثیر جہتی حکمت عملی مرتب کی جا رہی ہے اور وزیراعظم خود اس معاملے کو دیکھ رہے ہیں، سرحدوں پر مکمل طور پر باڑ نہیں ہے، کمیٹی کا اجلاس سلیم مانڈوی والا کی زیر صدارت ہوا، سردار شفیق ترین نے بتایا کہ کسٹم حکام کی جانب سے تاجروں کو ہراساں کیا جا رہا ہے، ضبط کیا گیا مکمل مال دکھایا نہیں جاتا۔ چیئرمین ایف بی آر نے عاصم احمد نے کہا کہ پشتون تاجروں کو ہراساں کر نیوالی بات میں صداقت نہیں، اسمگلنگ کے حوالے سے مختلف ایجنسیز کیساتھ ملکر کارروائی کرتے ہیں۔ فاروق ایچ نائیک نے کہا کہ ڈالر افغانستان کیسے اسمگل ہو رہا ہے، اسمگلنگ کا سامان مارکیٹوں تک کیسے پہنچ جاتا ہے؟ ممبر کسٹم آپریشن مکرم جاہ انصاری نے بتایا کہ اکتوبر تک ڈالر اور دیگر اشیاء کی اسمگلنگ کا خاتمہ ہو جائیگا، انوار الحق کاکڑ نے کہا کہ ایران سے روزانہ دو سے تین کروڑ لٹر تیل سمگل ہو رہا ہے کمیٹی کو بتایا گیا بلوچستان میں سمگلنگ سے ماہانہ 10 سے 12 ارب روپے کمائے جاتے ہیں، کامل علی آغا نے کہا کہ ذمہ دار افسران کیخلاف کارروائی ہونی چاہئے چیئرمین ایف بی آر نے کہا کمیٹی کی تشکیل کے بعد ایک ماہ میں اسمگلنگ کیخلاف پیشرفت ہوئی ہے گیپ کی نشاندہی کر لی گئی ہے قانونی خامیوں کو دور کیا جا رہا ہے، بلوچستان میں کسٹم کے 500 اہلکار تعینات ہیں، تمام دیگر ایجنسیاں ملکر اپنے وسائل استعمال کر رہی ہیں۔ وزیراعظم ہفتہ وار اپ ڈیٹ لے رہے ہیں ایف سی کو بلوچستان میں 9 ہائی ویز پر اسمگلنگ کیخلاف اختیار دیدیئے گئے ہیں، کسٹم اور قانون نافذ کرنیوالے اداروں کی مشترکہ چیک پوسٹیں قائم کر دی ہیں، 28 اعلیٰ افسران کی سکریننگ کے بعد انکا تبادلہ کر دیا گیا ہے دیگر اہلکاروں کو بھی تبدیل کر دیا گیا ہے۔

## بندرگاہ پر کھڑی استعمال شدہ درآمدی گاڑیوں کی کلیئرنس شروع

کراچی (بزنس ڈیسک) درآمدات کو محدود کرنے کے لیے ریگولیٹری ڈیوٹی کے نفاذ کی مدت ختم ہونے کے بعد بندرگاہ پر کھڑی ہوئی 800 کے لگ بھگ استعمال شدہ درآمدی گاڑیوں کی کلیئرنس شروع ہوگئی ہے۔ عوام کو توقع ہے کہ 1800 سی سی تک کی استعمال شدہ گاڑیوں پر 100 فیصد ریگولیٹری ڈیوٹی کے خاتمے سے استعمال شدہ درآمدی گاڑیوں کی قیمتوں میں نمایاں کمی واقع ہوگی تاہم پاکستان کو جاپان سے کاریں ایکسپورٹ کرنے والی تنظیم کار ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن فار پاکستان کے صدر راشد محمود اعوان کے مطابق ریگولیٹری ڈیوٹی کے خاتمے کے باوجود استعمال شدہ درآمدی گاڑیوں کی قیمت میں کوئی کمی نہیں ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ریگولیٹری ڈیوٹی کے خاتمے کے بعد پورٹ پر کھڑی گاڑیوں کی کلیئرنس شروع ہوگئی ہے یہ گاڑیاں گزشتہ ایک سال سے پورٹ پر کھڑی تھیں جن پر بھاری ڈیمرج عائد ہو چکا ہے۔ دوسری جانب ایک سال قبل اور آج جب کہ ان گاڑیوں پر ڈیوٹی ٹیکس کے تعین کے لیے موجودہ شرح مبادلہ کے مطابق ویلیوایشن ہوگی تو درآمدی ٹیکسز اور محصولات بھی اسی تناسب سے بڑھ جائیں گے جو ریگولیٹری ڈیوٹی میں کمی کے اثر کو زائل کر دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ مزید گاڑیاں پاکستان لانے میں ڈھائی سے 3 ماہ کا عرصہ لگے گا اور اب موجودہ شرح مبادلہ اور فریٹ پر گاڑیاں پاکستان پہنچنے کی لاگت گزشتہ سال سے بہت زیادہ ہوگی جس کی وجہ سے ریگولیٹری ڈیوٹی کا خاتمہ صارفین کے لیے اتنا فائدہ مند نہیں ہوگا، البتہ گاڑیاں درآمد کرنے والے کے نقصانات میں کسی حد تک کمی آ جائے گی۔ انہوں نے حکومت کو تجویز دی کہ موجودہ حالات میں جب کہ نئی گاڑیاں بنانے والے پلانٹ بند ہیں اور سی کے ڈی درآمد کے لیے زرمبادلہ نہیں ہے، استعمال شدہ گاڑیوں کی درآمد کے لیے گاڑیوں کی ایج لمٹ میں اضافہ کیا جائے اور 5 سال پرانی گاڑیاں درآمد کرنے کی اجازت دی جائے تو صارفین کو سستے داموں گاڑیاں مہیا ہو سکیں گی۔

## غیر ملکی ادائیگیاں، پاکستان کی کرنسی پر مزید دباؤ آسکتا ہے، فچ

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) قرضہ ریٹنگ سے متعلق ادارے فچ نے کہا ہے کہ پاکستان ڈیفالٹ سے بچنے کی مسلسل کوشش کر رہا ہے، غیر ملکی ادائیگیوں کی وجہ سے پاکستان کی کرنسی پر مزید دباؤ آسکتا ہے، پاکستان کو رواں ماہ 7 .3 ارب ڈالر کا قرضہ واپس کرنا ہوگا، آئی ایم ایف کا پیکیج ملنے کا امکان ہے۔ بلوم برگ کی رپورٹ کے مطابق فچ نے پاکستان بارے اپنی رپورٹ میں کہا ہے کہ اس ادائیگی کا آئی ایم ایف پیکیج کے حوالے سے پاکستان پر پریشر ہے۔ جون میں پاکستان کو 3 ارب 70 کروڑ کی مزید ادائیگیاں کرنی ہیں۔

## پاکستانیوں کی ویزہ درخواستوں کا عمل 60 دن میں مکمل کیا جائیگا' کینیڈا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) کینیڈا کی وزارت برائے امیگریشن نے اعلان کیا ہے کہ پاکستانیوں کی عارضی ویزہ کی درخواستوں کا بیک لاگ 55 ہزار سے کم کر کے 15 ہزار تک کر دیا گیا ہے۔ پاکستانی شہریوں کی ویزہ کی درخواستوں کا پراسیس 60 دنوں میں مکمل کیا جائے گا۔ کینیڈا کے وزیر برائے امیگریشن شان فریزر کا پاکستانی شہریوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہنا تھا کہ نئے درخواست گزاروں کے لئے ویزہ کی درخواستوں کا عمل مکمل ہونے کے عمل کی مدت 802 دن نہیں۔ کینیڈا کے وزیر برائے امیگریشن نے اپنی ایک ٹویٹ میں لکھا کہ 'اس وقت ایک مکمل شدہ عارضی رہائش کی ویزہ درخواست کا پراسیس مکمل ہونے کی مدت 90 دن ہے اور ہم مستقبل قریب میں اس مدت کو 30 دن تک لانا چاہ رہے ہیں۔ شان فریزر کے مطابق ان کی حکومتی ویب سائٹ پر ویزہ کی درخواست کا پراسیس مکمل ہونے کی مدت 802 اس لئے آ رہی ہے کیونکہ کینیڈا کی حکومت اس وقت اُن پُرانی ویزہ کی درخواستوں کا پراسیس مکمل کر رہی ہے جو کرونا وائرس کے دنوں میں بارڈر بند ہونے کی وجہ سے آگے نہیں بڑھ سکیں تھیں۔


یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# آئی ایم ایف کا پاکستان پر شرح سود میں مزید اضافے پر زور

پشاور (بزنس ڈیسک ) سرحد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی قائمہ کمیٹی برائے ریلوے ڈرائی پورٹ کے چیئرمین ضیا الحق سرحدی نے کہا ہے کہ اضاخیل نوشہرہ میں قائم ریلوے ڈرائی پورٹ کی برآمدات کو بڑھانے کے لیے اسے فعال بنایا جائے اس کی فعالیت سے پاک افغان تجارت کو آسان بنانے ، روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور سی پیک روٹ کے قریب ہونے سے خیبر پختونخوا میں کاروبار کے ساتھ ساتھ صنعت کاری کو فروغ دینے میں بہت مدد ملے گی۔ ایک خصوصی انٹرویو میں ضیا الحق سرحدی نے کہا کہ ضلع نوشہرہ میں مین جی ٹی روڈ پر 28 ایکڑ اراضی پر قائم اضاخیل ڈرائی پورٹ پر تقریبا 600 ملین روپے خرچ کیے گئے اور اس کے مکمل آپریشنل ہونے سے کے پی کے سرمایہ کار مقامی اور بین الاقوامی سطح پر اپنی مصنوعات کی نمائش کر سکیں گے۔انہوں نے کہا کہ کے پی جواہرات، ماربل، شہد، قالین اور فرنیچر سمیت قدرتی وسائل سے مالا مال ہے اور اگر ان وسائل کو نئی منڈیوں کی تلاش اور اس کے تاجروں کو مراعات دے کر مکمل طور پر استعمال کیا جائے تو پاکستان کے معاشی مسائل کو حل کیا جا سکتا ہے۔ کے پی ایشیا برآمد کر رہا ہے لیکن برآمدی سامان کو کراچی بندرگاہ تک لے جانے کے لیے پشاور میں بانڈڈ کیریئر نہ ہونے کی وجہ سے برآمد کنندگان کو بہت سے مسائل کا سامنا ہے،اس کے افتتاح کے وقت تاجروں کو یقین دلایا گیا تھا کہ نئی ڈرائی پورٹ پر دیگر جدید سہولیات کے علاوہ ون ونڈو آپریشن سروس بھی فراہم کی جائے گی اور پشاور اور کراچی کے درمیان خصوصی برآمدی کارگو ٹرین کا آغاز کیا جائے گا۔ضیا الحق سرحدی، جو فرنٹیئر کسٹمز ایجنٹس ایسوسی ایشن کے صدر بھی ہیں، نے کہا کہ اضاخیل ڈرائی پورٹ اسلام آباد پشاور موٹر وے، رشکئی اسپیشل اکنامک زون اور باچا خان انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے قریب واقع ہے جو پاکستان، افغانستان اور وسطی ایشیائی جمہوریہ کے درمیان حجم تجارت بڑھانے کے لیے گیم چینجر ثابت ہو سکتی ہے۔انہوں نے کہا کہ سابق وزیراعلی سردار مہتاب عباسی نے اضاخیل ڈرائی پورٹ کے لیے 20 ملین روپے کا اعلان کیا تھا تاہم ان کی حکومت کے بعد اس منصوبے کو پچھلی حکومتوں نے سرد خانے میں ڈال دیا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان ریلوے اضاخیل ڈرائی پورٹ کے آپریشنل ہونے کے بعد تجارت سے سالانہ 5 ارب روپے تک کما سکتی ہے۔

## سندھ اور بلوچستان کے ریونیو بورڈ سے زمین وجائیداد کے ڈیٹا شیئرنگ کا معاہدہ

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے سندھ اور بلوچستان کے ریونیو بورڈ کے ساتھ ڈیٹا شیئرنگ کا معاہدہ کرلیا ہے۔اس سلسلے میں ایف بی آر نے وزیراعظم پاکستان کے وژن کے تحت ٹیکس جمع کرنے کے نظام کو بہتر بنانے اور ڈیجیٹل انٹی گریشن کو فروغ دینے کے لئے بورڈ آف ریونیو سندھ کے ساتھ 19 اپریل، 2023 اور بورڈ آف ریونیو بلوچستان کے ساتھ 28 اپریل، 2023 کو ڈیٹا شیئرنگ معاہدے کرلیا ہے۔تینوں فریقین کے درمیان ہونے والے معاہدوں کے تحت یہ دونوں ادارے زمین وجائیداد کی ملکیت اور زرعی آمدنی سے متعلق ڈیجیٹل ڈیٹا شیئر کریں گے جس سے ان علاقوں میں ٹیکس جمع کرنے میں مدد ملے گی۔کراچی میں معاہدہ پر بورڈ آف ریونیو حکومت سندھ کے ممبر آر اینڈ ایس سید احمد علی شاہ نے دستخط کئے جبکہ دوسرے معاہدے پر کوئٹہ میں بورڈ آف ریونیو بلوچستان کے سینئر ممبر روشن علی شیخ نے دستخط کئے۔دونوں معاہدوں میں ایف بی آر کی نمائندگی ممبر آئی ٹی عبدالماجد یوسفانی نے کی،ان معاہدوں کی رو سے آئی ٹی کی بنیاد پر جامع پلیٹ فارم تشکیل دیا جاسکے گا جس کی بدولت مستقبل میں خودکار طریقہ سے ڈیٹا کا تبادلہ ہوسکے گا۔ایف بی آر ٹیکس کا دائرہ کار وسیع کرنے اور ٹیکس جمع کرنے کے نظام کو شفاف بنانے کے لئے اپنے آئی ٹی سسٹم کو مختلف صوبائی محکموں اور دیگر اداروں کے ساتھ منسلک کر کے تھرڈ پارٹی ڈیٹا اکٹھا کرنے کے لئے مسلسل کوشاں ہے۔اس مقصد کے لئے صوبائی محکمہ جات ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن اور دیگر اداروں کے ساتھ معاہدے کئے جا چکے ہیں جن سے قیمتی ڈیٹا حاصل کیا جا رہا ہے۔

## فاؤنڈر گروپ کا لاہور چیمبر کے سالانہ الیکشن کیلئے انتخابی مہم کا آغاز

